سوال

(377) بچہ اور بچی جب پیدا ہوں تو اس کے کان اذان دینے کا حکم کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب کسی کے ہاں بچہ یا بچی پیدا ہو تو کیا اُس کے کان میں اذان یکساں دی جائے گی، یا لڑکے کی الگ اور لڑکی کی اذان الگ ہوگی، ایک صاحب کہتے ہیں الگ الگ ہوتی ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

دونوں کی اذان میں کوئی فرق نہیں، دائیں کان میں اذان اور بائیں میں تکبیر کہنی چاہیے۔ یہی مسنون ہے۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۸، ش نمبر ۳۷)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 169

محدث فتویٰ